40

# دعائیں

# قَرِيبٌ مُجِيبٌ

LIVE

Taught By

**Dr. Farhat Hashmi**

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ
إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ

| وَاِذَا | سَاَلَكَ | عِبَادِىْ | عَنِّىْ |
|---|---|---|---|
| اور جب | سوال کریں آپ سے | میرے بندے | میرے بارے میں |

| فَاِنِّىْ | قَرِيْبٌ |
|---|---|
| تو بے شک میں | قریب ہوں |

| اُجِيْبُ | دَعْوَةَ | الدَّاعِ |
|---|---|---|
| میں جواب دیتا ہوں | دعا کا | دعا کرنے والے کی |

| اِذَا | دَعَانِ |
|---|---|
| جب | وہ دعا کرے مجھ سے |

| فَلْيَسْتَجِيْبُوْا | لِىْ |
|---|---|
| پس ضرور وہ حکم مانیں | میرا |

| وَلْيُؤْمِنُوْا | بِىْ |
|---|---|
| اور ضرور وہ ایمان لائیں | مجھ پر |

| لَعَلَّهُمْ | يَرْشُدُوْنَ (186) |
|---|---|
| تا کہ وہ | وہ ہدایت پائیں |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# رمضان اور دعائیں

## قَرِيبٌ مُّجِيبٌ

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ (البقرة: 186)

اور جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں سوال کریں تو (کہہ دیجئے) بے شک میں قریب ہوں میں پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب وہ مجھے پکارے تو ان کو چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان رکھیں تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُّجِيبٌ [هود:61]

سو اس سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف پلٹ آؤ، یقینا میرا رب قریب ہے، قبول کرنے والا ہے۔

# اللہ کے لیے تعریفی کلمات

اللّٰهمَّ لَكَ الحَمْدُ ، لاَ حَمْدَ إلَّا دَوْنَ نَعْمَائِكَ، ولَكَ الشُّكْرُ، لاَ شُكْرَ إلَّا يَقْصُرُ عَنْ آلاَئِكَ،
لَكَ الْمَنُّ وَالإِفْضَالُ وَالْمُلْكُ رَبَّنَا، فَلَا شَيْءَ أَعْلٰى مِنْكَ وَأَمْجَدَ،
مَـلِيْـكٌ عَـلٰى عَـرْشِ السَّـمَـآءِ مُهَـيْـمِـنٌ، لِعِـزَّتِهِ تَـعْـنُـو الْوُجُـوْهُ وَتَـسْـجُـدُ

اے اللہ ! تیرے لیے ہی حمد ہے، کوئی حمد نہیں ہے مگر وہ تیرے انعامات سے کم ہے، اور تیرے لیے ہی ہر قسم کا شکر ہے، کوئی شکر نہیں ہے مگر وہ تیرے احسانات اور انعامات سے کم ہے،
اے ہمارے رب ! تیرے لیے ہی احسانات، مہربانیاں اور تیرے لیے ہی (ہر طرح کی) ملکیت ہے، پس تجھ سے بلند اور تجھ سے زیادہ بزرگی والی کوئی اور چیز نہیں ہے،
تو آسمان کے عرش پر بادشاہ ہے تو غالب ہے، تیری عزت وغلبے کی وجہ سے چہرے عاجزی اور سجدہ کرتے ہیں۔



# نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا



## درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى
آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اے اللہ! محمدﷺ اور آلِ محمدﷺ پر اسی طرح رحمت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے، اے اللہ! محمدﷺ اور آلِ محمدﷺ پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

# متفرق دعائیں

الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَى جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (آل عمران:191)

وہ جو کھڑے اور بیٹھے اور اپنے پہلوؤں پر (لیٹے) اللہ کو یاد کرتے ہیں اور وہ آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں غور و فکر کرتے ہیں (اور پکار اٹھتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے یہ سب بے مقصد پیدا نہیں کیا تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔



# متفرق دعائیں

## اذان کی دعائیں

اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ ، اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ
أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ
أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ ، أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ
حَيَّ عَلَى الصَّلاَةِ ،حَيَّ عَلَى الصَّلاَةِ
حَيَّ عَلَى الْفَلاَحِ ،حَيَّ عَلَى الْفَلاَحِ
اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ، أَكْبَرُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ

## اذان کا جواب دینا

دل کے یقین سے اذان کا جواب دینے والے کے لیے جنت

مؤذن کے شہادتین کے ساتھ شہادتین پڑھنا

### شہادتین کے اقرار کرنے کی فضیلت

• یوسف بن عبداللہ بن سلام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے، آپ نے ایک وادی سے ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئے سنا: أشهد أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله ۔

• رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اور میں بھی گواہی دیتا ہوں،

• اور یہ شہادت بھی دیتا ہوں کہ جو آدمی ایسی گواہی دے گا وہ شرک سے بری ہو جائے گا۔ آپ ﷺ کی مراد دو شہادتین (توحید و رسالت) ہیں۔

[السلسلة الصحيحة:2897]

# اذان کے بعد کی دعائیں

## اذان کے بعد دعا قبول ہونا



### اذان کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ
وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ، اٰتِ مُحَمَّدَ
الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ، وَابْعَثْهُ
مَقَامًا مَّحْمُوْدًا الَّذِیْ وَعَدْتَّه

اے اللہ! اس دعوتِ کامل اور قائم ہونے والی نماز کے رب! محمد کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما اور انہیں اس مقامِ محمود پر فائز فرما جس کا تونے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔

صحیح البخاری:614

دعائیں

# اذان کے بعد کی دعائیں



## اذان کے بعد کی دعا

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ میں اللہ کے رب ہونے، محمد ﷺ کے رسول ہونے اور اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوں" تو اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے۔

صحیح مسلم:851

# اذان کے بعد درود پڑھنا



## اذان کے بعد کی دعا

اَللّٰھمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْد مَّجِیْد،اَللّٰھمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْد مَّجِیْد۔

اے اللہ ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما، جس طرح تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی۔ بے شک تو بہت تعریف والا اور بہت بزرگی والا ہے ،اے اللہ ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم اورآلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی۔ بے شک تو بہت تعریف والا اور بہت بزرگی والا ہے۔

صحیح البخاری:3370

دعائیں

# وضو کی دعائیں

وضو سے پہلے بسم اللہ پڑھنا

بِسْمِ اللَّهِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ لاَ صَلاَةَ لِمَنْ لاَ وُضُوءَ لَهُ وَلاَ وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللَّهِ تَعَالَى عَلَيْهِ . [سنن أبي داود:101]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کا وضو نہیں اس کی نماز نہیں اور جو شخص وضو کے شروع میں اللہ تعالی کا نام نہ لے (بسم اللہ نہ پڑھے) اس کا وضو نہیں۔

<u>جو بسم اللہ پڑھنا بھول جائے</u>

ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ بسم اللہ پڑھنا واجب ہے لیکن اگر) انسان (بھول جائے تو اس کا پڑھنا ساقط ہو جاتا ہے۔

اگر مسلمان وضو کرلے اور بسم اللہ نہ پڑھے تو اس کا وضو درست ہو گا، لیکن اس نے خود کو اس ثواب سے محروم کر لیا جو سنت کو پورا کرنے سے ملنا تھا اور مسلمان کے لیے زیادہ محتاط بات یہی ہے کہ وہ وضو کرتے ہوئے بسم اللہ ترک نہ کرے۔

# وضو کے بعد کی دعائیں




## وضو کے بعد دعا پڑھنے سے جنت کے آٹھوں دروازے کھلنا

• عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہمارے ذمے اونٹ چرانے کا کام تھا، میری باری آئی، تو میں شام کے وقت ان کو چرا کر واپس لایا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس حال میں پایا کہ ، آپ کھڑے ہو کر لوگوں کو کچھ ارشاد فرما رہے تھے، مجھے آپ کی یہ بات سننے کو ملی کہ :

• جو بھی مسلمان وضو کرتا ہے اور وہ اچھی طرح وضو کرتا ہے، پھر کھڑے ہو کر اپنے دل اور چہرے کی توجہ کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھتا ہے تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

• کہتے ہیں میں نے کہا: کیا خوب بات ہے یہ ! تو میرے سامنے ایک کہنے والا کہنے لگا: اس سے پہلی والی بات اس سے بھی زیادہ عمدہ ہے۔ میں نے دیکھا تو وہ عمر رضی اللہ عنہ تھے، انہوں نے کہا: میں نے دیکھا ہے تم ابھی آئے ہو، آپ ﷺ نے (اس سے پہلے) فرمایا تھا:

• تم میں سے جو شخص بھی وضو کرے اور (اپنے وضو کو) پورا کرے یا خوب اچھی طرح وضو کرے پھر یہ کہے: أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ تو اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، جس سے چاہے داخل ہو جائے۔

[صحیح مسلم:576 ]

# وضو کے بعد کی دعائیں



مسنون دعاء

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ
لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ
مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ
الْمُتَطَهِّرِيْنَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کو کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں میں سے کر دے اور مجھے پاکی حاصل کرنے والوں میں سے بنا دے

سنن الترمذی:55

دعائیں

## ظاہری و باطنی طہارت

• ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب ایک مسلم یا مومن بندہ وضو کرتا ہے اور اپنا چہرہ دھوتا ہے تو پانی یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ اس کے چہرے سے وہ سارے گناہ خارج ہو جاتے ہیں جنہیں اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے کیا تھا۔

• پھر جب وہ اپنے ہاتھ دھوتا ہے تو پانی یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ وہ سارے گناہ خارج ہو جاتے ہیں جنہیں اس نے اپنے ہاتھوں سے پکڑ کر کیا تھا۔

• اور جب وہ اپنے دونوں پاؤں دھوتا ہے تو پانی یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ وہ تمام گناہ خارج ہو جاتے ہیں جو اس کے پاؤں نے چل کر کیے تھے۔ حتیٰ کہ وہ گناہوں سے پاک ہو کر نکلتا ہے۔ [صحیح مسلم:600]

# وضو کے بعد کی دعائیں



**مسنون دعاء**

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

اے اللہ تو پاک ہے اور تیری ہی تعریف ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں

السنن الکبریٰ للنّسائی، ج:9،9829

دعائیں

## قیامت تک محفوظ کلمات

عن أبي سعيد الخدري قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم" من توضأ ثم قال: سبحانك اللّٰهُمَّ و بحمدك لا إلٰه إلا أنت أستغفرك و أتوب إليك، كتب في رق، ثم طبع بطابع ، فلم يكسر إلى يوم القيامة " . ]السلسلة الصحيحة:2333[

• ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے وضو کیا اور کہا: سبحانك اللّٰهُمَّ وبحمدك لا إلٰه إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك۔ تو ان کلمات کو ایک کاغذ میں لکھ کر اس پر مہر لگا دی جاتی ہے، اسے روز قیامت تک نہیں پھاڑا جا سکے گا۔

# بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت کی دعا



## جنّات اور شیاطین سے بچاؤ کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ

اللہ کے نام سے

☆لباس بدلتے وقت

صحیح الجامع الصغیر وزیادتہ:3610



## جنّات اور شیاطین سے بچاؤ کے لئے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَ الْخَبَائِثِ

اے اللہ ! بے شک میں ناپاک جنوں اور جننیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں

☆بیت الخلاء جاتے وقت

صحیح البخاری:142

بیت الخلاء سے نکلتے وقت کی دعا

غُفْرَانَكَ

اے اللہ میں تیری بخشش کا طلب گار ہوں۔

## گھر سے نکلتے اور گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

گھر میں داخل ہوتے وقت بسم اللہ کہنا

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته
سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔

### گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنے والے کا ضامن اللہ ہے

• ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں جن کا ضامن اللہ ہے اگر وہ زندہ رہیں تو اللہ ان کے لیے کافی ہے اگر فوت ہو جائیں تو جنت میں داخل ہوں گے۔

• (1)۔وہ شخص جو اپنے گھر میں سلام کر کے داخل ہوا پس اللہ عز وجل اس کا ضامن ہے،
• (2)۔وہ شخص جو مسجد کی طرف چلا پس اللہ اس کا ضامن ہے۔
• (3)۔وہ شخص جو اللہ کے راستے میں نکلا پس اللہ اس کا ضامن ہے۔ [صحیح الادب المفرد:836/1094]

### خالی گھر میں بھی داخل ہوتے وقت سلام کرنے کا حکم

سوئے ہوئے کو ہلکی آواز میں سلام کرنا

اللَّهُمَّ سَلِّمْنِيْ وَسَلِّمْ مِنِّيْ
اے اللہ! مجھے بھی سلامتی عطا فرما اور مجھ سے دوسروں کو سلامتی عطا فرما

# مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا



**مسنون دعاء**

بِسْمِ اللّٰهِ، وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ کے رسول پر سلام اے اللہ ! میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے"

سنن ابن ماجہ:771

دعائیں



**مسنون دعاء**


اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

میں شیطان مردود (کے شر سے) اللہ کی پناہ لیتاہوں جو انتہائی عظمت والا ہے، میں اس کے انتہائی محترم چہرے کی پناہ لیتاہوں اور اس کے سلطانِ قدیم کی پناہ لیتاہوں

سنن اَبی داؤد:466

دعائیں

# مسجد سے نکلتے وقت کی دعا



## مسنون دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ،وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ
اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ
وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ

اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ کے رسول پر سلام اے اللہ !
میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لیے اپنے فضل
کے دروازے کھول دے"

سنن ابن ماجہ:771

## کھانے پینے کی دعائیں

کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا

اللہ کا نام لینے سے چیزوں کا کفایت کر جانا

ہر لقمے اور گھونٹ پر الحمد للہ کہنا

**الْحَمْدُ لِلَّهِ**

ہر طرح کی تعریف اس اللہ کے لیے ہے۔

## کھانا کھانے کے بعد کی دعائیں

**الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِى أَطْعَمَ وَسَقَى وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجًا**

ہر طرح کی تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے (ہمیں) کھلایا، اور پلایا، اسے خوشگوار بنایا اور اس کے نکلنے کی راہ بنائی۔

# کھانا کھانے کے بعد کی دعائیں



## رزق کی کشادگی کی دعا

اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَارْزُقْنَا خَيْرًا مِنْهُ

اے اللہ ! ہمیں اس میں برکت عطا فرما اور ہمیں اس سے بہتر عطا فرما

سنن ابن ماجة[3322]]

دعائیں

# کھانے پینے کی دعائیں

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِی أَطْعَمَنِی هَذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّی وَلاَ قُوَّةٍ

اس اللہ کا شکر جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور اس نے مجھے رزق عطا فرمایا جس میں میری کوئی قوت اور طاقت شامل نہیں۔

[سنن أبي داود:4025]

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَفَانَا وَأَرْوَانَا غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مَكْفُورٍ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے ہماری کفایت کی اور ہمیں سیراب کیا۔ ہم (اس کھانے کا) حق پوری طرح ادا نہ کر سکے اور ہم اس نعمت کے منکر بھی نہیں ہیں۔

[صحیح البخاری:5459]



# کھانے پینے کی دعائیں

الْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں بہت زیادہ، پاکیزہ اور اس میں برکت ڈالی گئی ہے نہ (یہ کھانا) کفایت کیا گیا (کہ ید کی ضرورت نہ رہے) اور نہ اسے وداع کیا گیا اور نہ اس سے بے نیاز ہوا جا سکتا ہے، اے ہمارے رب۔

[صحيح البخاري:5458]

اللَّهُمَّ أَطْعَمْتَ وَأَسْقَيْتَ وَأَغْنَيْتَ وَأَقْنَيْتَ وَهَدَيْتَ وَأَحْيَيْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَى مَا أَعْطَيْتَ

اے اللہ تو نے ہی کھلایا، تو نے ہی پلایا، تو ہی غنی کرتا ہے تو ہی فقیر کرتا ہے، تو نے ہدایت دی اور تو نے ہی زندگی عطا فرمائی، جو تو نے عطا کیا اس پر تیری ہی تعریف ہے۔

[مسند أحمد:16595]



# کھانے پینے کی دعائیں

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا وَأَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَنَعَّمَنَا اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُمَّ أَلْفَتْنَا نِعْمَتُكَ بِكُلِّ شَرٍّ فَأَصْبَحْنَا مِنْهَا وَأَمْسَيْنَا بِكُلِّ خَيْرٍ فَنَسْأَلُكَ تَمَامَهَا وَشُكْرَهَا لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُكَ وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ إِلَهَ الصَّالِحِينَ وَرَبَّ الْعَالَمِينَ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ مَا شَاءَ اللَّهُ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيمَا رَزَقْتَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

سب تعریف اللہ کے لیے جس نے ہمیں ہدایت دی اور ہمیں کھلایا اور پلایا اور نعمتیں عطا فرمائیں ۔ اللہ سب سے بڑا ہے اے اللہ تیری نعمت اس وقت آئی جب ہم شر میں پھنسے ہوئے تھے ہم نے اس نعمت کی وجہ سے ہر طرح کی خیر کے ساتھ صبح کی اور شام کی، ہم تجھ سے مکمل نعمت کا سوال کرتے ہیں تیرے شکر کے ساتھ ۔تیری خیر کے سوا کوئی خیر نہیں ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، اے صالحین کے معبود اور سارے جہانوں کے رب ، سب تعریف اللہ کے لیے ،اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے کسی میں طاقت نہیں سوائے اللہ کے ، اے اللہ جو رزق تو ہمیں دے اس میں برکت دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا ۔

[مؤطامالک:1740]

## دودھ پینے کے بعد کی دعا

اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَزِدْنَا مِنْهُ

اے اللہ ! ہمیں اس میں برکت عطا فرما اور ہمیں مزید یہی (دودھ) عطا فرما۔

[سنن ابن ماجة:3322]

## بھوک سے پناہ مانگنا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُبِكَ مِنَ الْجُوعِ فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيعُ

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بھوک سے، بے شک یہ بہت بری ہم خواب ہے۔

[سنن أبي داود:1549]

## شدت بھوک کے وقت کی دعا

لاَ إِلٰهَ إِلا اللهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ رَبُّ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ

نہیں ہے کوئی معبود (برحق) مگر اللہ، جو اکیلا اور زبردست ہے، آسمانوں، زمین اور ان دونوں کے درمیان (والی تمام چیزوں) کا رب ہے، وہ غالب اور بہت بخشنے والا ہے۔

## کھانا کھلانے والے کے رزق میں برکت کی دعا

اللَّهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِي مَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْلَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

اے اللہ! ان کے رزق میں برکت عطا فرما اور ان کی مغفرت فرما اور ان پر رحم فرما۔

[صحیح مسلم:5449]

## میزبان کے لیے دعا

أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الأَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلاَئِكَةُ

روزے دار تمہارے ہاں افطار کیا کریں، نیک صالح لوگ تمہارا کھانا کھایا کریں اور فرشتے تمہیں دعائیں دیا کریں۔

[سنن أبي داود:3856].

## نیا پھل دیکھنے کی دعا

اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي مَدِينَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي مُدِّنَا

اے اللہ ہمارے لئے ہمارے پھلوں میں برکت عطا فرما اور ہمارے لئے ہمارے مدینہ میں برکت عطا فرما اور ہمارے لئے ہمارے صاع میں برکت عطا فرما اور ہمارے لئے ہمارے مد میں برکت عطا فرما

[صحیح مسلم:3400]

# لباس اتارتے اور پہنتے وقت کی دعائیں

بِسْمِ اللَّهِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ

اس اللہ کا شکر جس نے مجھے یہ لباس پہنایا اور مجھے رزق عطا فرمایا جس میں میری کوئی قوت اور طاقت شامل نہیں۔

[سنن ابی داود:4025]

